اس احساس کا نتیجہ ان کے وہ سب تحقیقی و تصنیفی کارنامے ہیں جو اس موضوع سے ان کی محبت کی غمازی کرتے ہیں۔

زیرِنظر کتابچہ بھی تجوید کے بابرکت فن پر ان کی ایک تحریری کاوش ہے۔ استادِ تجوید ہونے کی حیثیت سے قاری صاحب کو اپنے کم عمر طلباء کی ذہنی کیفیت کا نہایت باریک بینی سے مشاہدہ کرنے کا موقع ملا ہے۔ اس دقیق مشاہدے کو ان کی سب تصنیفات کی وجۂ امتیاز ٹھہرایا جاسکتا ہے کہ افہام و تفہیم مخاطبین کی ذہنی سطح سے آگاہی پر موقوف ہے۔ (تبصرہ: صبیح ہمدانی)

● **تلفظ ضاد**　　قاری حبیب الرحمٰن صاحب مدظلہ

ناشر: جامعہ صدیقیہ توحید پارک، گلشن پارک، لاہور

حرف ''ض'' (ضاد) عربی حروفِ تہجی کا پندرھواں حرف ہے۔ ضاد کا حرف عربی زبان سے خاص ہے اور عربی زبان کے ناموں میں سے ایک نام ''الضاد'' یعنی ضاد کی زبان بھی ہے۔

اس حرف کے اختصاصاً عربی ہونے کی وجہ سے عجمی یعنی غیر عربی زبانیں بولنے والے لوگوں کے لیے اس کا تلفظ کرنا ایک مشکل کام ہے۔ اس حرف کی ادائیگی میں اختلاف صدیوں سے رہا ہے۔ ہمارے (برصغیر) کے علاقوں میں اسے زیادہ تر ''دال''، ''ذال'' یا ''ظا'' کے مشابہہ پڑھا جاتا ہے۔ اس اختلاف ادا کی وجہ سے ایک عرصہ بے چینی اور اضطراب دیکھنے میں آتا رہا۔ کچھ جہلاء نے اس اختلاف کو ہوا دینے اور اس کی بنیاد پر اپنی سیاست کرنے کے لیے اپنی پوری صلاحیتوں کو استعمال کیا۔ بہت مشہور واقعہ ہے کہ:

۱۹۲۱ء میں تحریک خلافت کے دوران امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ نے مسجد رونٹی والی گجرات میں تقریر کی اور آغاز میں سورۃ الفاتحہ کی تلاوت فرمائی۔ خطبہ اور تلاوت کے بعد سکوت اختیار کیا ہی تھا کہ ایک پیر صاحب فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور بولے ''شاہ جی! آپ نے ''ولا الضّالین'' میں ''داد'' کی جگہ ''ضاد'' کیوں پڑھا ہے؟

شاہ جی نے بداہتہً جواب دیا: ''رات کو میں نے حلوہ کھایا، جس سے مجھے ''کبد'' (قبض) ہوگئی۔ میں صبح کو حکیم کے ہاں گیا۔ اس نے میری ''نبذ'' (نبض) دیکھی اور اس نے کہا کہ یہ ''مرذ'' (مرض) لا دوا ہے۔'' یہ سنتے ہی پیر صاحب نے چپ سادھ لی اور سر چھپا کر بیٹھ گئے۔ انھیں جائے پناہ نہ ملتی تھی۔ مضطرب و پریشان مجمع زعفران زار بن گیا۔

فاضل مرتب نے بہرحال اس موضوع پر کافی عرق ریزی کے ساتھ تحقیق کی ہے اور نہ صرف برصغیر پاک و ہند کے ائمہ تجوید وقراءت کے فرامین وعبارات بلکہ حرمین اقدسین کے ائمہ فن وعلماء کے فتاوی وعبارات کو بھی جمع کیا ہے۔

اس کی جامعیت کے پیشِ نظر امید کی جاسکتی ہے کہ یہ کتاب اپنے موضوع پر کافی وشافی ثابت ہوگی۔

(تبصرہ: صبیح ہمدانی)

● **ماہنامہ ''رُشد'' لاہور** ۔ مئی، جون ۲۰۰۸ء (حرمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نمبر)

مدیر: حافظ انس نضر مدنی　　ملنے کا پتا: ۹۹۔ جے، ماڈل ٹاؤن، لاہور

ماہنامہ ''رُشد'' لاہور کے ادارہ نے توہین آمیز خاکوں کے تناظر میں حرمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نمبر اشاعت کا